Session 13th
No 1252
Date 13-8-2020
Department Irrigation

توجہ دلاؤ نوٹس نمبر1252

منجانب: احمد کنڈی رُکن صوبائی اسمبلی

میں وزیر برائے محکمہ آبپاشی کی توجہ ایک مسلے کی طرف مبذول کروانا چاہتاہوں اور وہ یہ کہ چشمہ رائٹ بینک کینال(CRBC) سے ضلع ڈیرہ اسماعیل خان کے نہروں کو پانی کی مطلوبہ مقدار کی عدم دستیابی کی وجہ سے ڈیرہ اسماعیل خان میں پانی کی شدید قلت ہے جس کی وجہ سے ضلع کی زراعت اور فصلوں کو شدید نقصان پہنچ رہاہے جناب بولا چشمہ رائٹ بینک کینال(CRBC) کے Main canal کا کنٹرول محکمہ واپڈا کے پاس ہے اور اس سے ملحقہ سسٹم، محکمہ آبپاشی کے پاس ہے۔ لہذا صوبائی حکومت چشمہ رائٹ بینک کینال (CRBC) سے ضلع ڈیرہ اسماعیل خان کے نہروں میں مطلوبہ مقدار میں پانی فراہم کرے تاکہ ضلع کے کسان اور کاشکار فصلوں کی مد میں پہنچنے والے نقصان سے بچ سکیں اور اس اہم عوامی مسئلہ کے بارے میں حکومت کیا اقدامات اٹھا رہی ہے۔